وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا اسلام آباد ٹریفک پولیس آفس کا دورہ

آن لائن اور گھر سے ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید کی سہولت مفید اقدام ہیں۔ وفاقی محتسب

اسلام آباد ٹریفک پولیس کو ون ونڈو ڈیسک کے قیام اور آگاہی مہم چلانے کی ہدایات

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر سینئر ایڈوائزر کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے گزشتہ روز اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) کا دورہ کرکے عوام الناس کو درپیش مشکلات اور آئی ٹی پی کی طرف سے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ ٹیم نے دورہ کے دوران وہاں موجود افراد کی شکایات سنیں اور آئی ٹی پی انتظامیہ کو ان کے ازالے کے لئے موقع پر ہدایات دیں۔ وفاقی محتسب نے آئی ٹی پی آفس میں ون ونڈو ڈیسک قائم کرنے کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کی ہے تاکہ عوام کو ایک ہی چھت کے نیچے تمام سہولیات میسر ہوں۔ وفاقی محتسب نے ٹریفک پولیس کو ہدایت کی کہ وہ بھاری گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کو انتہائی بائیں لین میں رکھنے کا میکنزم بنائے۔ ٹیم نے آئی ٹی پی آفس میں کسٹمرز کے بیٹھنے، دھوپ سے بچاؤ اور ٹھنڈے پانی کا بندوبست کرنے کی بھی ہدایت کی۔ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کو بتایا گیا کہ گاڑیوں کے ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء اور اس کی تجدید سے متعلق تمام سہولیات آن لائن بھی دستیاب ہیں۔ آئی ٹی پی کی ٹیم یہ تمام سہولیات گھر کی دہلیز پر بھی فراہم کر رہی ہے۔ علاوہ ازیں تعلیمی اداروں اور پبلک مقامات پر آئی ٹی پی کی موبائل ٹیمیں موقع پر بھی یہ سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ایس ایس پی محمد سرفراز ورک نے ٹیم کو بریفنگ کے دوران بتایا کہ اسلام آباد کی آبادی چوبیس لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ اسی طرح سال 2023ء کے آخر تک گاڑیوں کی تعداد 19,86,810 تک پہنچ گئی ہے اور مذکورہ بالا سہولیات کی فراہمی کے لئے ٹریفک عملے میں خاطر خواہ اضافے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم اپنی مدد آپ کے تحت فیض آباد میں آئی ٹی پی کا نیا دفتر بنا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سال 2021ء میں 22,081,450 روپے کا ریونیو سرکاری خزانے میں جمع کرایا گیا جو سال 2023ء میں 294,444,400 روپے ہو گیا۔ وفاقی محتسب نے آئی ٹی پی کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس بارے میں آگاہی مہم چلانے کی بھی ہدایت کی تاکہ عام لوگ ان سہولیات سے مزید فائدہ اٹھا سکیں۔ بعض افراد اور ٹیم نے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ گاڑیوں کے ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق تمام ہدایات جلی حروف میں اردو اور انگلش میں بورڈز پر آویزاں کی جائیں نیز آن لائن اور گھر سے رجسٹریشن کی سہولیات کے بارے میں بھی بورڈز نمایاں انداز میں لگائے جائیں اور اس بارے میں آگاہی مہم بھی چلائی جائے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

06 مئی 2024ء